# UNIVERSITY OF CALCUTTA

## Notification No. CSR/108/2026

It is notified for information of all concerned that in terms of the provisions of Section 54 of the Calcutta University Act, 1979, (as amended), and, in the exercise of his powers under 9(6) of the said Act, the Vice-Chancellor has, by an order dated 05.08.2026, approved the Regulations, Detail Course Structure and Syllabus for 1-/2- year Master's Degree in Urdu under NEP 2020 /SEP 2023, as laid down in the accompanying pamphlet.

The above syllabus shall take effect from the academic session 2026-2027 and onwards.

14/08/2026

Prof.(Dr.) Debasis Das
**Registrar**

**SENATE HOUSE**
**Kolkata-700073**
**14.08.2026**

**UNIVERSITY OF CALCUTTA**

1-/2- Year Master's Degree Programme in

# URDU

under NEP 2020/SEP 2023

in accordance with University of Calcutta Post Graduate Regulations, 2026

Effective from the academic session 2026-2027 and onwards

# Regulations for 1-/2- Year Master's Degree Programme in URDU under NEP 2020/SEP 2023

## in accordance with University of Calcutta Post Graduate Regulations, 2026

## From the academic session 2026-2027 and onwards.

- 1. To meet various academic and professional requirements the 1-/2- Year Master's Degree Programme in URDU will follow the National Higher Education Qualifications Framework (NHEQF).

Table 1: Modes of PG Degree Programme

| Programme | Eligibility | Entry / Lateral Entry | Exit Option / Degree Completion | Award |
|---|---|---|---|---|
| 2- Year Master's Degree | 3- year UG (Preferably with single major) | 1st Year | 1-Year | PG Diploma |
| | | | 2-Year | Master's Degree |
| 1- Year Master's Degree | 4- year UG (Honours/Honours with research) | 2nd Year | 1- Year | Master's Degree |

- 2. Every academic year will consist of two semesters: one odd and one even, each semester comprising a minimum of 15 working weeks dedicated to active teaching and learning.
- 3. A candidate registered in the Programme must obtain at least 80/40 credits to fulfil the requirements of the 2-/1-Year Post Graduate Programme.
- 4. Students after the 3rd year of UG programme with Urdu Major may enter the 1st Year of the 2-Year PG programme, while 4-Year UG students with Urdu (Honours/Honours with Research) can take admission to the 2nd Year of the PG programme in Urdu via lateral entry.
- 5. A certain percentage of seats, as specified by the University in its admission policy, will be reserved for PG 2nd Year to facilitate lateral entry for students who enter the programme after finishing a 4-Year UG (Honours/Honours with Research) Programme in Urdu.
- 6. If a candidate enrolled in a 2-Year Master's Programme chooses to exit after one year (having successfully completed two semesters with at least 40 credits), he/she will be eligible to receive a PG Diploma Urdu. A candidate who chooses to exit must submit an application to the concerned authority.
- 7. The 1-Year and 2-Year Master's Degrees must be completed within a maximum of 3 and 4 years, respectively. A candidate utilizing the exit option may rejoin the programme within 3 years of leaving, at the start of any academic year, to complete the degree. However, on the condition that the entire duration for completion, including the time between leaving and returning, shall not exceed 7 years. The candidates re-joining after exit will need to follow the current syllabus.
- 8. Course Structure, Curricular Components and Credit Distribution for 1-/2- Year Master's Degree Programme in Urdu are given in the Table 2.

**Table 2.**

**Course Structure for 1-/2- Year Master's Degree Programme in URDU under NEP 2020/SEP 2023**

| Semester | Course | | | | | Total Credit |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | URD411<br>4 Credit | URD412<br>4 Credit | URD413<br>4 Credit | URD414<br>4 Credit | URD415<br>A/B/C/D<br>(Any One)<br>4 Credit | 20 |
| 2 | URD421<br>4 Credit | URD422<br>4 Credit | URD423<br>4 Credit | URD424<br>4 Credit | URD425<br>A/B/C/D<br>(Any One)<br>4 Credit | 20 |
| 3 | URD511<br>4 Credit | URD512<br>4 Credit | URD513<br>4 Credit | URD514<br>4 Credit | URD515<br>4 Credit | 20 |
| 4 | URD521<br>4 Credit | URD522<br>16 Credit | | | | 20 |
| | | | | | **Total Credits** | **80** |
| Marks 16x50=800+1x200=200 | | | | | | **Total Marks=1000** |

All 4 Credit courses carries 50 Marks each: 40 (TH) + 10 (IA)
16 Credit course carries 200 Marks: 150 (TH) + 50 (Viva)

- 9. The initial 2 semesters of the two-year Master's programme in Urdu, will focus on course work (CW+CW) and in the last 2 semesters, coursework during the 3rd semester and research during the 4th semester (CW+R).
- 10. The matter related to the Commencement & Applicability, Definitions, Post Graduate Curriculums: Outline, Designs of Post Graduate Programme, Eligibility for Admission, Examination Regulations, Granting of Degree and Removal of Difficulties & Plagiarism Detection, not covered in this regulations shall be governed by the **University of Calcutta Post Graduate Regulations, 2026 under National Education Policy 2020 (NEP 2020)/ State Education Policy 2023 (SEP 2023) Notification No. CSR/72/2026 dt. 07.07.2026** together with amendments shall be made therein from time to time.

..............................

# UNIVERSITY OF CALCUTTA
# SYLLABUS

For 1-/2- Year Master's Degree Programme in

## URDU

under NEP 2020/SEP 2023

in accordance with University of Calcutta Post Graduate Regulations, 2026

**Sem. 1 Course**

**Core Course (CC)**

URD411: Tarikh-e-Adab Urdu : Aagaz Ta Haal
URD412: Urdu Ghazal
URD413: Urdu Nasr : Ghair Afsanwi

**Skill Enhancement Course (SEC)**

URD414: Urdu, Indian Knowledge System and Indian Film Industry

**Discipline Centric Elective Course (DCEC)** [Choose any One from the following]

URD415A: Urdu Nasr : Afsanwi
URD415B: Meer
URD415C: Ghalib
URD415D: Lisaniyat Aur Urdu Zaban

**Sem. 2 Course**

**Core Course (CC)**

URD421: Urdu Nazm-Qasida, Marsia, Masnawi, Nazm (Quli Qutub Shah Ta Josh)
URD422: Urdu Nazm (Taraqqi Pasand Adabi Tahreek Ta Jadidiat)
URD423: Urdu Tanqeed

**Skill Enhancement Course (SEC)**

URD424: Urdu Aur Translation

**Discipline Centric Elective Course (DCEC)** [Choose any One from the following]

URD425A: Iqbal
URD425B: Adabi Tahreekat
URD425C: Jadid Urdu Shairi (Ghazal Mein Naye Tajrabe)
URD425D: Jadid Urdu Shairi (Nazm, Geet, Sanet Wagairah)

**Sem. 3 Course**

**Core Course (CC)**

URD511: Usloob Aur Usloobiyat
URD512: Tanisiyat Aur Urdu Adab
URD513: Urdu Aur Taqabli Motala-e-Adab
URD514: Adabi Tahqiq Aur Tahqiqi Adabi Maqale
URD515: Matn Tadween-e-Matn Aur Matni Tanqeed

**Sem. 4 Course**

**Research (R)**

URD521: Term Paper/Literary Review/Bibliographic Essay/Research Internship
URD522: Dissertation

# Core Course (CC)

## URD411: Tarikh-e-Adab Urdu : Aagaz Ta Haal

## تاریخ ادب اردو : آغاز تا حال

- اردو کا ابتدائی زمانہ:

(اردو کے مختلف نام۔اردو شعروادب کے مختلف نمونے۔امیر خسرو۔صوفیائے کرام کی خدمات۔خواجہ بندہ نواز،اشرف جہانگیر سمنانی،فریدالدین گنج شکر،شرف الدین یحیٰ منیری،وجیہ الدین گجراتی،اشرف بیابانی،وغیرہ کی خدمات کا جائزہ۔کبیر،گرونانک،رام دیو وغیرہ کی خدمات)

- اردو زبان: آغاز وارتقا:

جنوبی ہند:

(دکن میں اردو کا آغاز وارتقا۔بہمنی دور۔عادل شاہی وقطب شاہی دور۔ایک نئی مشترک تہذیب کا فروغ۔قلی قطب شاہ، وجہی ،فضلی ،ابن نشاطی،ولی،سراج وغیرہ کا تفصیلی مطالعہ۔نظامی کی مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کی تاریخی اورلسانی اہمیت)

شمالی ہند:

(شمال میں اردو کا فروغ۔ولی دکنی کے اثرات۔سبکِ ہندی کی روایت۔فورٹ ولیم کالج سے پہلے،فورٹ ولیم کالج،دلّی کالج،اردو کے دو بڑے اسکول: دلّی اور لکھنو کے حوالے سے نثر اور شاعری کی مختلف صورتوں کا فروغ)

- اردو ادب کے قدیم رجحانات:

(ایہام گوئی،اصلاحِ زبان اور اصلاحِ سخن کی روایت[دہلی اور لکھنو میں])

- اردو ادب کے جدید رجحانات:

(نظم جدید،علی گڈھ تحریک،ترقی پسند تحریک،حلقۂ اربابِ ذوق،جدیدیت اور مابعد جدیدیت کے حوالے سے)

☆☆☆

**URD412: Urdu Ghazal**

# اردو غزل

کلاسیکی غزل

- غزل کا مفہوم ۔غزل کا فن اوراس کی ہیئت ۔غزل کے موضوعات ۔غزل کی ابتدائی شکل ۔
- دکن اور شمال میں غزل کا ارتقا۔غزل کی شعریات اوراس کے وجودیاتی اور علمیاتی تصورات ۔غزل کی مقبولیت کے اسباب ۔
- دبستانِ دہلی کی غزل کا امتیاز ۔لکھنوی دبستانِ غزل کی خصوصیات ۔
- ۱۸۵۷ء کے بعد اردو غزل کے موضوعات ۔غزل پر اعتراضات کا سلسلہ۔حالی، عظمت اللہ خاں اور کلیم الدین احمد کا نظریہ۔
- درج ذیل شعراٗ کی غزل گوئی کا مطالعہ:

ولی، میر، مصحفی، ناسخ، آتش، مومن، غالب

**متنی تدریس**

| | |
|---|---|
| ولی | یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا |
| میر | دیکھ تو دل کہ جاں سے اٹھتا ہے |
| مصحفی | تجھ سے گروہ دلا نہیں ملتا |
| ناسخ | عشق کر دیتا ہے سلطان و گدا کا ایک رنگ |
| آتش | توڑ کر تارِ نگہ کا سلسلہ جاتا رہا |
| مومن | غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز دیکھنا |
| غالب | نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا |

جدید غزل

- ادبی تحریکات اور اردو غزل ۔ترقی پسند تحریک ۔جدیدیت ۔
- غزل کے نئے موضوعات اور اسالیب ۔یگانہ آرٹ ۔
- اردو غزل پر ترقی پسند تحریک کے اثرات ۔غزل میں سماجی، سیاسی، اقتصادی، اخلاقی موضوعات ۔
- ۱۹۶۰ء کے بعد جدید غزل کا رنگ و آہنگ ۔نئی شعری روایت ۔علامتوں کا استعمال ۔اینٹی غزل، آزاد غزل وغیرہ کا جائزہ۔
- درج ذیل شعراٗ کی غزل گوئی کا خصوصی مطالعہ:

یگانہ، فراق، ناصر کاظمی، بانی، شہریار، ظفر اقبال، عرفان صدیقی ۔

### متنی تدریس

| | |
|---|---|
| یگانہ | دنیا کا چلن ترک کیا بھی نہیں جاتا |
| فراق | کسی کا یوں تو ہوا کون عمر بھر، پھر بھی |
| ناصر کاظمی | شہر در شہر گھر جلائے گئے |
| شہریار | دھوپ کے دشت میں بے سایہ شجر میں ہم تھے |
| ظفر اقبال | ہزار ربط بڑھائیں خیالِ خام سے ہم |
| بانی | عجیب رونا سسکنا نواحِ جاں میں ہے |
| عرفان صدیقی | بہت دنوں تو رہا اپنا نکتہ چین بھی میں |

☆☆☆

**URD413: Urdu Nasr : Ghair Afsanwi**

# اردو نثر : غیر افسانوی

- نثر کی تعریف۔ نثر اور نظم میں فرق۔ نثر کی امتیازی خصوصیات۔ اردو نثر کی ابتدائی کاوشیں۔ افسانوی اور غیر افسانوی نثر میں فرق۔ اردو کی غیر افسانوی نثر کی مختلف اصناف کا تعارف۔ تذکرہ۔ مکاتیب۔ انشائیہ۔ سوانح۔ خودنوشت۔ مقالہ۔ خاکہ۔ طنز ومزاح۔ اردو میں غیر افسانوی نثر کی ابتدا اور ترقی کا حال۔
- تذکرہ نگاری کی روایت۔ میر کا تذکرہ نکات الشعرا۔
- ادبی مکاتیب۔ فن۔ اسالیب۔ ارتقائی سفر۔ غالب اور مولانا ابوالکلام آزاد کے مکاتیب۔
- انشائیہ کی فنی خصوصیات۔ اردو میں انشائیہ نگاری کا آغاز اور ترقی کا حال۔ محمد حسین آزاد اور فرحت اللہ بیگ کی انشائیہ نگاری۔
- سوانح نگاری۔ فنی خصوصیات۔ اردو کے اہم سوانح نگار۔ حالی اور شبلی کی سوانح نگاری۔
- خودنوشت۔ فنی خصوصیات۔ جوش، آل احمد سرور اور انتظار حسین کی خودنوشت سوانح۔
- مقالہ۔ فنی خصوصیات۔ دلی کالج اور اس سے وابستہ مصنفین کی خدمات۔ سرسید کے رفقا اور ان کے بعد آنے والے مقالہ نگاروں کا کام۔
- خاکہ۔ فنی خصوصیات۔ روایت۔ سوانح نگاری اور خاکہ نگاری کا فرق۔ عبدالحق اور رشید احمد صدیقی کی خاکہ نگاری۔
- اردو نثر میں طنز ومزاح کی روایت۔ اردو طنز ومزاح کا فروغ۔ اردو کے ابتدائی طنز ومزاح نگار۔ فرحت اللہ بیگ، پطرس بخاری، مشتاق احمد یوسفی، شفیق الرحمٰن کے کارناموں کا جائزہ۔

## متنی تدریس

- کربل کتھا (فضل علی فضلی) ''جب مرض حضرت کے..... بیماری نہایت شدت پر ہوئی''
- غالب کا خط ''جانِ غالب، تمہارا خط ملا۔ غزل اصلاح کے بعد پہنچتی ہے'' میر مہدی مجروح کے نام (خط نمبر ۳۱)
- ابوالکلام آزاد کا خط ''قید و بند کی زندگی کا یہ چھٹا تجربہ ہے۔۔۔۔۔'' (خط نمبر ۶)
- جنت الحمقاء محمد حسین آزاد
- مردہ بدست زندہ فرحت اللہ بیگ
- انتخاب از اسبابِ بغاوتِ ہند (۱۸۵۷ء کا غدر) سرسید احمد خاں
- نور خاں عبدالحق
- محمد علی رشید احمد صدیقی
- میبل اور میں پطرس بخاری

☆☆☆

**URD421: Urdu Nazm-Qasida, Marsia, Masnawi, Nazm (Quli Qutub Shah Ta Josh)**

# اردو نظم۔۔ قصیدہ، مرثیہ، مثنوی، نظم (قلی قطب شاہ تا جوش)

- نظم کا اصطلاحی مفہوم-نظم کی اقسام-قصیدہ، مرثیہ، مثنوی، پابند نظم، نظمِ معرا، آزاد نظم، نثری نظم، گیت، سانیٹ وغیرہ۔
- قصیدہ

قصیدہ بحیثیت صنف سخن-قصیدہ کی تعریف اور اس کی ہیئت- دیگر اصنافِ سخن سے امتیاز-قصیدہ کے اجزائے ترکیبی-تاریخی، معاشرتی اور معاشی پس منظر-موضوعات اور اسالیب۔ دکن، شمالی ہند اور لکھنؤ میں قصیدہ نگاری کا آغاز وارتقاء-سودا اور ذوق کا خصوصی مطالعہ۔قصیدہ کا عروج وزوال

- مرثیہ

مرثیے کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم-اجزائے ترکیبی-صنف مرثیہ کی تاریخ وتعریف-اقسام-موضوعات-اسالیب۔ دکن، دہلی اور لکھنؤ میں مرثیے کا عروج واستحکام اور زوال۔انیس و دبیر کا خصوصی مطالعہ۔

- مثنوی

مثنوی کی تعریف-اجزائے ترکیبی اور ہیئت-آغاز وارتقاء-مختلف مثنوی نگاروں کا عمومی جائزہ۔

- نظم

نظم بحیثیت صنف-آغاز وارتقاء-اقسام-ہیئتی-تکنیکی اور موضوعاتی اعتبار سے جائزہ۔نظم کے ابتدائی نقوش-دکن میں۔شمالی ہند میں نظم گوئی کا آغاز۔۱۸۵۷ء کے انقلاب کے اثرات-انجمنِ پنجاب سے پیدا شدہ رجحانات-حالی، آزاد اور ان کے معاصرین کی نظم گوئی-انگریزی نظموں کے تراجم۔ اردو نظم میں ہیئت کے تجربے-اس کے اثرات-اکبرالہ آبادی، اقبال، چکبست، جوش وغیرہ کا خصوصی مطالعہ۔

**متنی تدریس**

- قصیدہ : اُٹھ گیا بہمن ودے کا چمنستان سے عمل (سودا)
- قصیدہ : ساون میں دیا پھر مہہ شوال دکھائی (ذوق)
- مرثیہ : فرزند پیمبر کا مدینے سے سفر ہے (انیس)
- مرثیہ : پیدا شعاعِ مہر کی مقراض جب ہوئی (دبیر)

- مثنوی: ملّا وجہی — مدح ابراہیم قطب شاہ گوید (قطب مشتری)
  میر تقی میرؔ — محبت نے ظلمت سے کاڑھا ہے نور (شعلۂ عشق)
- نظم: قلی قطب شاہ — فتنۂ دکھن
  نظیر اکبر آبادی — کوڑی
  حالی — مناجاتِ بیوہ
  اکبر الٰہ آبادی — دربار ۱۹۱۱ء
  اقبال — ابلیس کی مجلسِ شوریٰ
  چکبست — قومی مسدّس
  جوش — ایسٹ انڈیا کمپنی کے فرزندوں کے نام

☆☆☆

**URD422: Urdu Nazm (Taraqqi Pasand Adabi Tahreek Ta Jadidiat)**

# اردو نظم (ترقی پسند ادبی تحریک تا جدیدیت)

- اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک-اردو نظم پر ترقی پسند تحریک کے اثرات-سماجی حقیقت نگاری اور اشتراکیت کا تصور-فیض اور مخدوم کا خصوصی جائزہ۔
- حلقۂ ارباب ذوق کے زیر اثر نظموں میں نیا رجحان-داخلیت اور تجرید۔
- میراجی اور ن-م-راشد کا خصوصی مطالعہ۔
- اختر الایمان کی نظم گوئی۔
- جدیدیت بحیثیت رجحان-نظم سے متعلق شمس الرحمٰن فاروقی کے تصورات۔
- عمیق حنفی-شہریار-بلراج کومل-محمد علوی-عادل منصوری-کمار پاشی-ندا فاضلی کا خصوصی مطالعہ۔

## متنی تدریس

سمندر کا بلاوا — میراجی

خودکشی — ن-م-راشد

انتباہ — فیضؔ

یادیں — اختر الایمان

آئینہ خانے کے قیدی سے — عمیق حنفی

نیا کھیل — شہریار

یہ زرد بچے — بلراج کومل

آخری دن کی تلاش — محمد علوی

وقت کی پیٹھ پر — عادل منصوری

لفظوں کا پُل — ندا فاضلی

مٹی کی کان — افضال احمد سید

ریشم بننا کھیل نہیں — علی اکبر ناطق

☆☆☆

**URD423: Urdu Tanqeed**

# اردو تنقید

- ادب کیا ہے۔ادب کے مشرقی و مغربی نظریات۔افلاطون اور ارسطو کے اصولی اور نظریاتی مباحث۔نقل اور نمائندگی کی بحث۔ارسطو کی کتاب شعریات کے بنیادی مباحث کا تجزیہ
- عرب اور فارسی شعریات کی روایت۔اردو شعر و ادب کی تفہیم میں اخذ و استفادہ کی تاریخ۔ابن قتیبہ۔قدامہ ابن جعفر اور امیر عنصر المعالی کا مطالعہ
- تنقید کا مفہوم-ادب اور تنقید-تنقید کا منصب، تحسین، تشریح، تجزیہ، تنقیص
- نظری اور عملی تنقید۔تعریف، منصب اور طریقۂ کار
- تخلیق، تنقید اور تحقیق کا فرق اور ان کے باہمی رشتے
- اردو تنقید کا آغاز-تذکروں کی اہمیت اور افادیت، اردو میں تذکرہ نگاری کی روایت
- اردو میں نظری تنقید کا طلوع۔حالی، شبلی اور محمد حسین آزاد کی تنقیدیں۔
- عبوری دور کے نقاد عبدالرحمٰن بجنوری، مولوی وحید الدین سلیم، نیاز فتح پوری
- ترقی پسند تحریک کے زیرِ اثر تنقید-ادب اور زندگی کا رشتہ-تہذیبی اور معاشی عوامل ادب کا مارکسی نقطۂ نظر
- ترقی پسند نقاد، مجنوں گورکھ پوری، اختر حسین رائے پوری، سجاد ظہیر، احتشام حسین، سردار جعفری۔ترقی پسند تنقید کا ردِّ عمل، کلیم الدین احمد
- جدید تنقیدی رویئے۔جدید تنقید کے بنیاد گذار اور نظریہ ساز ناقدین۔محمد حسن عسکری، آل احمد سرور، شمس الرحمٰن فاروقی
- جدید تنقید کے معتبر نام۔خلیل الرحمٰن اعظمی، وارث علوی، گوپی چند نارنگ، باقر مہدی
- مابعد جدید تنقیدی طریقۂ کار۔اہم مابعد جدید ناقدین۔تھیوری کے مباحث۔نوآبادیاتی ڈسکورس۔تنقید کے قابل ذکر نئے اور پرانے دبستان

☆☆☆

**URD511: Usloob Aur Usloobiyat**

# اسلوب اور اسلوبیات

- اسلوب

تعریف۔تعبیر۔تشکیل۔اقسام۔تصورات اور ادبی مطالعے میں اس کی ضرورت

- مطالعۂ اسلوب کا طریقۂ کار

لسانی تفریق۔اضافتوں کا عمل۔صوتی نظام۔تخلیقی زبان کی اکائیوں (علامت۔استعارہ۔تشبیہ۔پیکر) کا نظام

- اسلوبیات

مفہوم۔اصطلاحیں۔خصائص۔طریقۂ کار۔جدید لسانیات سے اس کا رشتہ۔اسلوبیاتی تنقید

- اردو شاعری کی روایت کا اسلوبیاتی مطالعہ

ولی۔سراج۔سودا۔میر۔مصحفی۔غالب۔انیس۔اقبال۔فیض۔راشد۔شہریار۔ظفر اقبال

- اردو نثر کی روایت کا اسلوبیاتی مطالعہ
- وجہی۔میر امن۔غالب۔محمد حسین آزاد۔رجب علی بیگ سرور۔داستان امیر حمزہ کے داستان گو۔فرحت اللہ بیگ

خواجہ حسن نظامی۔پطرس بخاری

☆☆☆

**URD512: Tanisiyat Aur Urdu Adab**

# تانیثیت اور اردو ادب

- تانیثیت کی تعریف، مختلف ادوار میں تانیثیت کے اصطلاحی مفاہیم، تانیثی ڈسکورس کے مبادیات، تانیثیت کے فکری سرچشمے، تانیثیت کے مختلف ابعاد، تانیثیت کے علمبردار (فیمینسٹ) کی شناخت
- تانیثیت کی تفہیم، بنیادی تصورات، عورت اور مرد کے باہمی تعلقات اور آویزش کا مطالعہ (Gender Studies)
- تانیثی احساسات، جذبات اور جبلت کے ابتدائی نقوش، عالمی سطح پر تانیثی تصور کے آغاز اور ترقی کا حال، تانیثی تحریک کی ابتدا، مختلف ممالک میں تانیثی ڈسکورس کا مطالعہ
- تانیثیت کی مختلف تھوریاں، حریت پسند تانیثیت (Liberal Feminism)، مارکسی تانیثیت (Marxist Femenism)، انتہا پسند تانیثیت (Radical Feminism)، تحلیل نفسی تانیثیت (Psycho-analytic Feminism)، سماجی تانیثیت (Social Feminism)، وجودی تانیثیت (Existential Feminism)، مابعد جدید تانیثیت (Post-modern Feminism)
- تانیثی تنقید کی شعریات، اصول اور طریقۂ کار، تانیثی جمالیات کا تعین، تانیثی ادب کی شناخت اور تعین قدر
- اردو میں تانیثی ادب کی ابتدا، عبوری دور اور ترقی کا حال
- اردو میں تانیثی اظہار کی مختلف جہتیں

☆ شاعری

ادا جعفری — ساجدہ زیدی — شفیق فاطمہ شعریٰ — زاہدہ زیدی — بلقیس ظفیر الحسن — کشور ناہید — فہمیدہ ریاض

پروین شاکر — فاطمہ حسن — سارا شگفتہ — شہناز نبی

☆ فکشن

رشید جہاں — عصمت چغتائی — ممتاز شیریں — قرۃ العین حیدر — خدیجہ مستور — ہاجرہ مسرور — واجدہ تبسم

ذکیہ مشہدی

## متنی تدریس

غزلیں :

- یہ فخر تو حاصل ہے برے ہیں کہ بھلے ہیں — ادا جعفری
- یہ راہ سخت یہ دشت الم کی پہنائی — زاہدہ زیدی
- جینا ہے خوب اوروں کی خاطر جیا کرو — بلقیس ظفیر الحسن
- سنبھل ہی لیں گے مسلسل تباہ ہوں تو سہی — کشور ناہید
- کو بہ کو پھیل گئی بات شناسائی کی — پروین شاکر

| | | | |
|---|---|---|---|
| نظمیں : | ● | یہ دنیاے وحدت | ساجدہ زیدی |
| | ● | جادۂ سوال | شفیق فاطمہ شعریٰ |
| | ● | پوسٹر نظم | بلقیس ظفیر الحسن |
| | ● | جاروب کش | کشور ناہید |
| | ● | ایک زن خانہ بدوش | فہمیدہ ریاض |
| | ● | عورت اور نمک | سارا شگفتہ |
| | ● | میں کیوں مانوں | شہناز نبی |
| افسانے : | ● | بے زبان | رشید جہاں |
| | ● | لحاف | عصمت چغتائی |
| | ● | آئینہ | ممتاز شیریں |
| | ● | حسب نسب | قرۃ العین |
| | ● | بندر کا گھاؤ | ہاجرہ مسرور |
| | ● | نتھ کا بوجھ | واجدہ تبسم |
| | ● | ہدو کا ہاتھی | ذکیہ مشہدی |

☆☆☆

**URD513: Urdu Aur Taqabli Motala-e-Adab**

# اردو اور تقابلی مطالعۂ ادب

- تقابلی مطالعۂ ادب۔تعریف،مقصد،ضرورت اور دائرۂ کار
- تقابلی مطالعۂ ادب (عالمی تناظر)

مشرق ومغرب کے ادب کی سمت ورفتار،اساسی تصورات،امتیازات،ادبی خیمے،تحریکیں اور امکانات

- عربی

کلیلہ ودمنہ،الف لیال،سمیر المہذ ب،نجیف محفوظ کے ناول اور دیوان الحماسہ و دیوان متنبّی کے منتخب اشعار و اقتباسات کے اردو متون کا مطالعہ

- فارسی

خسرو،سعدی،حافظ،رومی،خیام کے منتخب ادبی شہ پاروں کے اردو تراجم اور اس کا تفصیلی مطالعہ

- انگریزی

کیٹس ،الیٹ،شیکسپیئر وغیرہ کے منتخب اردو اقتباسات اور متون کا مطالعہ

- تقابلی مطالعۂ ادب ( ملکی تناظر )

میر،غالب،سرسید،حالی،اقبال،منٹو،غلام عباس،کرشن چندر،راجندر سنگھ بیدی،عصمت چغتائی،قرۃ العین حیدر کی تخلیقات کا تقابلی مطالعہ

ٹیگور،کالی داس،مہادیوی ورما،مہاشیوتا دیوی،پریم چند،پانیشور ناتھ رینو،نرالا کی تخلیقات کا مطالعہ

- تقابلی مطالعۂ ادب میں ترجمہ بحیثیت ذریعۂ ترسیل

ترجمے کی ناگزیریت،ترجمے میں عہد بہ عہد ترقی کے بڑھتے امکانات،ایک خودکفیل مضمون کی حیثیت سے ترجمے پر مکالمہ،ترجمے کی راہ سے ہندستانی ادب کا عالمی ادبی ورثے سے اخذ و استفادہ اور تقابلی ادب کے بڑھتے رجحانات

☆☆☆

**URD514: Adabi Tahqiq Aur Tahqiqi Adabi Maqale**

# ادبی تحقیق اور تحقیقی ادبی مقالے

- تحقیق اور تحقیق کار

تحقیق کا مفہوم۔ اقسام۔ دوسرے علوم سے رشتہ۔ محقق اور نگراں کے اوصاف

- تحقیقی مقالے

مقالے کی تعریف۔ حجم۔ اجزا۔ تحقیق کی منزلیں۔

- موضوع، خاکہ، ہیت اور مواد

موضوع، خاکہ، ہیت اور مواد کی تلاش۔ انتخاب۔ انتظام۔ حزم واحتیاط۔ عمل

- تحقیق سے متعلق بعض مسائل

مسائل کی نوعیت۔ اقسام۔ محقق کی کوششیں

- حوالے

حوالے کا نظام۔ اقسام۔ غیر معتبر حوالے۔ حوالہ اور صحت متن

☆☆☆

**URD515: Matn Tadween-e-Matn Aur Matni Tanqeed**

# متن تدوین متن اور متنی تنقید

- متن

تعریف۔روایت۔جمالیات

- تدوین متن (اصول)

انتخابِ متن۔مخطوطات اور مطبوعات کی تدوین کے لئے نسخوں کی فراہمی۔نسخوں کی گروہ بندی۔نسخوں کا مرتبہ۔بنیادی نسخہ

- تدوین متن (مسائل)

نسخوں کا موازنہ۔قیاسی تصیح۔قرأتوں کے مسائل۔رسم خط،زبان اور املا کا معاملہ۔مشمولات متن کی تحقیق

الحاق،حذف،جعل،اختلاف نسخ،حواشی،فرہنگ،ضمیمے،مقدمے،اشاریہ،مہریں

- متنی تنقید

مفہوم،اصول اور طریقۂ کار،اہمیت اور ضرورت۔ممتاز نقاد

- اردو میں تدوین کی روایت

ابتدا۔فروغ۔معاصر صورت حال۔اہم کارنامے

☆☆☆

# Discipline Centric Elective Course (DCEC)

## URD415A: Urdu Nasr : Afsanwi

## اردونثر: افسانوی

- داستان کی شعریات۔روایت اورترقی کا حال۔
- داستانوں کا معاشی، معاشرتی اور سیاسی پس منظر داستانوں کی تہذیبی اور ثقافتی قدر و قیمت۔داستان شناسی۔شمس الرحمٰن فاروقی اور دوسرے اہم لوگوں کا کام۔
- سب رس۔داستان امیرحمزہ۔باغ و بہاراورفسانۂ عجائب کا مطالعہ۔

**متنی تدریس**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ملّا وجہی | — | سب رس | — | آغاز داستان کے چار صفحے |
| میرامن دہلوی | — | باغ و بہار | — | سیر پہلے درویش کی |
| رجب علی بیگ | — | فسانۂ عجائب | — | مکمل دیباچہ |

- ناول کی تعریف۔اجزائے ترکیبی اوراقسام۔اردوناول کی ابتدااورترقی کا حال۔نذیراحمد، رتن ناتھ سرشار، مرزاہادی رسوا، اورعبدالحلیم شرر کی ناول نگاری کی امتیازی خصوصیات۔
- ناول میں حقیقت نگاری- پریم چنداوران کافن- وجودیت اورشعور کی رو- بیسویں صدی کے ناول نگار بحوالہ کرشن چندر، عزیزاحمد، قرۃالعین حیدر، عبداللہ حسین، شوکت صدیقی اوردوسرے۔
- امراؤجان ادا، گئودان اورآگ کادریا کاتفصیلی جائزہ۔
- ناول کا جدیددور۔کئی چاند تھے سرآسماں، نعمت خانہ اورچینی کوٹھی کا مطالعہ

- افسانے کی تعریف، شعریات اورمختلف تصورات
- اردوافسانہ(1936 - 1900) پریم چنداوران کے ہم عہد افسانہ نگاروں کا مطالعہ۔
- اردوافسانہ(1960 - 1936) ترقی پسندافسانے کی شعریات۔سعادت حسن منٹو، راجندرسنگھ بیدی، کرشن چندر، غلام عباس، عصمت چغتائی کا مطالعہ۔
- اردوافسانہ(1980 - 1960) جدیدافسانے کی شعریات۔انتظارحسین، انورسجا، بلراج مینرا، سریندرپرکاش، بلراج کومل کا مطالعہ
- اردوافسانہ(2020 - 1980) جدیدترافسانے کی شعریات۔نیرمسعود۔سیدمحمداشرف۔خالدجاوید۔صدیق عالم۔علی اکبرناطق کا مطالعہ

## متنی تدریس

| | | |
|---|---|---|
| کفن | — | پریم چند |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | — | سعادت حسن منٹو |
| آنندی | — | غلام عباس |
| چوتھی کا جوڑا | — | عصمت چغتائی |
| انتظار حسین | — | کایا کلپ |
| کنواں | — | بلراج کومل |
| نیر مسعود | — | طاوس چمن کی مینا |
| صدیق عالم | — | ناگر باؤلی |

- ڈرامے کی تعریف-اجزائے ترکیبی-اقسامِ ڈرامہ-اسٹیج ڈرامہ،ادبی ڈرامہ، یک بابی، ریڈیائی، ٹیلی ڈرامے کا تکنیکی فرق۔
- اردو ڈرامے کی اجمالی تاریخ،ڈرامے کے ابتدائی نقوش،امانت کی اندر سبھا،نوابی دربار اور آغا حشر اور ان کے ہمعصروں کے ڈرامے۔
- ادبی ڈرامے کی روایت-امتیاز علی تاج،محمد مجیب، عابد حسین وغیرہ کے ڈرامے۔
- یک بابی ڈرامے کا جائزہ-منٹو،مرزا ادیب،اُپندر ناتھ اشک،کرشن چندر وغیرہ کے حوالے سے۔
- ''انارکلی'' کا تنقیدی مطالعہ۔

☆☆☆

**URD415B: Meer**

# میر

- میر کی حالات زندگی۔ میر کے عہد کا ادبی، سماجی، تہذیبی اور سیاسی منظر نامہ
- میر سے قبل اردو شاعری کی روایت۔ میر کے عہد کی شاعری کا عمومی مزاج۔ میر کی شاعری سے ایک نئی روایت کا آغاز
- میر کی شاعری اور شعریات کا طلوع
- میر کا ذکر تذکروں میں۔ میر کی آپ بیتی۔ میر کے ممتاز معاصرین۔
- خدائے سخن، میر کہ غالب۔ میر شناسی اور غالب پرستی
- میر کی زبان، روزمرہ یا استعارہ۔ انسانی تعلقات اور میر کی شاعری۔ اسلوبیات میر۔ میر کا تصور کائنات۔ میر کی شعری لسانیات
- میر کے مطالعے کی اہمیت۔ میر کی عالمگیر مقبولیت۔
- میر تنقید۔ شعر شور انگیز کا خصوصی مطالعہ
- میر تحقیق۔ ظل عباس عباسی کے مرتبہ کلیات میر کا خصوصی مطالعہ
- میر کی شعری کائنات
- غزل۔ قصیدہ۔ مثنوی۔ مرثیہ۔ واسوخت اور رباعی کا تنقیدی اور تجزیاتی مطالعہ
- متنی تدریس:

غزل

پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے
گل کو محبوب ہم قیاس کیا
یارب کوئی دیوانہ بے ڈھنگ سا آ جاوے
آئے ہیں میر کافر ہوکر خدا کے گھر میں

- مثنوی

در بیان دنیا

- رباعی

محشر میں اگر یہ آتشیں دم ہوگا
ہم میر برے اتنے ہیں وہ اتنا خوب
ہم میر سے کہتے ہیں نہ تو رویا کر

**URD415C: Ghalib**

# غالب

- غالب کی حالات زندگی۔غالب کے عہد کا ادبی، سماجی، تہذیبی اور سیاسی منظر نامہ
- غالب سے قبل اردو شاعری کی روایت۔غالب کے عہد کی شاعری کا عمومی مزاج۔غالب کی شاعری سے ایک نئی روایت کا آغاز
- غالب کی شاعری اور نئی شعریات کا طلوع
- غالب کے ممتاز معاصرین۔غالب کے شارحین
- خدائے سخن، میر کہ غالب۔غالب پرستی اور غالب شناسی کے اہم موڑ
- غالب کی زبان، روزمرہ یا استعارہ۔انسانی تعلقات اور غالب کی شاعری۔غالب کا اسلوب۔غالب کا تصور کائنات
- غالب کے مطالعے کی اہمیت۔غالب کی تخلیقی حسیت۔غالب کی عالمگیر مقبولیت۔
- غالب تنقید۔حالی، بجنوری اور شمس الرحمٰن فاروقی کی غالب تنقید کا خصوصی مطالعہ
- غالب تحقیق۔متداول دیوان اور نسخہ حمیدیہ کا خصوصی مطالعہ
- غالب کی شعری اور نثری کائنات۔غزل گوئی، قصیدہ گوئی اور خطوط نگاری کا تفصیلی جائزہ
- متنی تدریس:

غزل

حسن غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد
بلا سے ہیں جو یہ پیش نظر درودیوار
نہ گل نغمہ ہوں نہ پردہ ساز
پھر کچھ اک دل کو بیقراری ہے

- خطوط　مرزا ہر گوپال تفتہ کے نام خط نمبر۲
  مرزا ہر گوپال تفتہ کے نام خط نمبر۳
  نواب علاءالدین احمد خاں علائی کے نام خط نمبر۴
  میر مہدی مجروح کے نام خط نمبر۹

☆☆☆

**URD415D: Lisaniyat Aur Urdu Zaban**

# لسانیات اور اردو زبان

- لسانیات کے بنیادی خدو خال، تعریف اور دیگر علوم سے رشتہ
- لسانیات کی شاخیں۔توضیحی لسانیات۔تاریخی لسانیات۔زبان کے بنیادی اور آفاقی اصول
- اطلاقی لسانیات۔اشتراکی مطالعۂ زبان۔زبان کا بین العلومی تناظر
- زبان کا آغاز اور اس کے متعلق تھیوریاں۔اردو کی پیدائش کے سلسلے میں مختلف نظریات۔اردو اور برج بھاشا۔اردو اور دکنی۔اردو اور پنجابی۔اردو اور کھڑی بولی
- زبان کے مختلف خاندان۔آریاؤں کا داخلۂ ہند۔ہندآریائی خاندان۔ہندآریائی ادوار۔
- ہندآریائی پراکرتیں۔ہندآریائی اپ بھرنشیں۔اردو زبان کا آغاز وارتقاء

☆☆☆

**URD425A: Iqbal**

# اقبال

- حیاتِ اقبال۔اقبال کے عہد کا سیاسی وسماجی پس منظر۔عہدِ اقبال کی اردو شاعری۔اقبال کی ابتدائی شاعری۔ ہندوستان کا تہذیبی احیاء۔سماجی اور تعلیمی اصلاحات کی تحریکیں۔قومی اور وطنی شاعری۔
- رومانی تحریک۔خصوصیات۔اقبال پر رومانی تحریک کے اثرات۔
- پہلی اور دوسری جنگِ عظیم کے آثار۔اقبال کی شاعری پر عالمِ اسلام اور روس کے اثرات۔
- تحریکِ آزادی۔ برصغیر کے ملّی مسائل اور اقبال۔مغربی تہذیب وتمدن پر اقبال کی تنقید۔نوآبادیاتی فکر سے متعلق اقبال کے تصورات۔
- اقبال کا فلسفیانہ نظام۔ابنِ عربی،نطشے اور برگساں کا اثر۔اقبال کا تصورِ عشق۔تصورِ خودی۔مردِ مومن۔شاہین۔کرگس۔ابلیس۔
- اقبال کی نظم نگاری اور غزل گوئی کا مطالعہ
- اقبال کی نثر نگاری -مضامین،مکتوبات،خطبات۔
- اقبال کے معاصرین۔اقبال کے اثرات بعد کے شعرائ پر۔اقبال پر لکھی گئی تنقید کی بازدید۔شعرِ اقبال کا پس نوآبادیاتی مطالعہ۔

## متنی تدریس

''بانگِ درا'' سے درج ذیل کلام:

نظمیں :
- گلِ رنگیں
- شکوہ
- خضرِ راہ

غزلیں :
- الٰہی عقلِ خجستہ پے کو ذرا سی دیوانگی سکھا دے
- زمانہ دیکھے گا جب مرے دل سے محشر اٹھے گا گفتگو کا

## متنی تدریس

''بالِ جبریل'' سے درج ذیل کلام:

نظمیں :
- لینن خدا کے حضور میں
- ذوق وشوق

- جبرئیل وابلیس

غزلیں :

- میری نوائے شوق سے شور حریمِ ذات میں
- اگر کج رو ہیں انجم آسماں تیرا ہے یا میرا

''ضربِ کلیم'' سے درج ذیل کلام:

نظم : • شعاعِ اُمید

غزلیں :

- تیری متاعِ حیات ، علم و ہنر کا سرور
- نہ میں عجمی ، نہ ہندی ، نہ عراقی و حجازی

☆☆☆

**URD425B: Adabi Tahreekat**

# ادبی تحریکات

- علی گڑھ تحریک

علی گڑھ تحریک کا پس منظر ـــــ فورٹ ولیم کے اثرات ۔تحریکِ سید احمد بریلوی ۔آریہ سماج تحریک ۔ دِلّی کالج تحریک

- سرسید احمد کا سیاسی موقف ۔حالات کا حقیقت پسندانہ تجزیہ۔ رسالہ اسبابِ بغاوتِ ہند۔تہذیب الاخلاق اور زبان کے تحفظ کا مسئلہ۔سرسید اور ان کے رفقاء کی ادبی خدمات

- انجمنِ پنجاب

دِلّی کالج کے ادیبوں کی لاہور میں آمد۔ انجمنِ پنجاب کا قیام۔ اغراض و مقاصد۔ ہفتہ وار مباحثے۔ مشاعرے۔موضوعی نظموں کے اوّلین تجربات ۔اردو نظم کی مختلف صورتیں ۔انجمنِ پنجاب کے اثرات ۔مولوی محمد حسین آزاد، حالی وغیرہ کی ادبی خدمات

- رومانی تحریک

اردو میں رومانی تحریک ۔علی گڑھ تحریک کا ردِ عمل ۔رومانیت کی روایت ۔رومانی تحریک کے ادبا اور ان کی رومانیت

- ترقی پسند تحریک

سیاسی ،سماجی اور اقتصادی پس منظر-ترقی پسند تحریک کا منشور اور ترقی پسندوں کا سیاسی مؤقف ۔

مختلف ادبی اصناف پر ترقی پسند تحریک کے اثرات-شاعری-افسانہ-ناول-تنقید۔

- حلقۂ اربابِ ذوق

ترقی پسند تحریک کا ردِ عمل-اغراض و مقاصد-حلقۂ اربابِ ذوق کی شاعری-افسانہ،تنقید-حلقۂ اربابِ ذوق کے اثرات ۔

- جدیدیت

جدیدیت کا پس منظر اور آغاز- جدیدیت کی فلسفیانہ اساس- جدیدیت کے پیش رو-نئی علامتوں کی تلاش-۱۹۶۰ء کے بعد جدیدیت کے تعلق سے نئے مباحث-نمائندہ شعرأ و ادبأ کی خدمات کا تنقیدی جائزہ۔

- مابعد جدیدیت

مابعد جدید نظریئے کا آغاز- جدیدیت اور مابعد جدیدیت کا فرق-تھیوری کے مباحث-ساختیات و پس ساختیاتی نظریہ-بیانیہ کی واپسی-مہابیانیہ کا آغاز-۸۰ء کے بعد کے شعرأ و ادبأ کے کلام کا جائزہ۔

## متنی تدریس

| | | |
|---|---|---|
| نظم اور کلامِ موزوں کے باب میں | (مضمون) | مولانا محمد حسین آزاد |
| کلمۃ الحق | (نظم) | حالی |
| اوورکوٹ | (افسانہ) | غلام عباس |

| | | |
|---|---|---|
| ● بابو گوپی ناتھ | (افسانہ) | منٹو |
| ● بجوکا | (افسانہ) | سریندر پرکاش |
| ● ڈار سے بچھڑے | (افسانہ) | سیّد محمد اشرف |
| ● لیمپ جلانے والے | (افسانہ) | صدیق عالم |
| ● میرا سفر | (نظم) | علی سردار جعفری |
| ● کتبہ | (نظم) | محمد علوی |
| ● شاعری میں نے ایجاد کی | (نظم) | افضال احمد سید |

☆☆☆

**URD425C: Jadid Urdu Shairi (Ghazal Mein Naye Tajrabe)**

# جدید اردو شاعری (غزل میں نئے تجربے)

- غزل میں نئے تجربے-لسانی،موضوعاتی،مقامی رنگ کی شمولیت۔
- رمزیت اور علامتی انداز کا فروغ-اینٹی غزل۔
- اردو غزل کا ساختیاتی مطالعہ۔
- کچھ اہم غزل گو شعرا اور ان کی غزل گوئی کے رجحانات۔

سلیم احمد، ناصر کاظمی، بانی،ظفر اقبال،زیب غوری،احمد مشتاق،عرفان صدیقی۔

**متنی تدریس**

- سلیم احمد : نایاب ہیں اتنے کہ جہاں میں نہیں ملتے
- ناصر کاظمی : شہر در شہر گھر جلائے گئے
- بانی : اس تند سیاہی کے پگھلنے کی خبر دے
- ظفر اقبال : قافیہ چاہیے کھانے کے لئے
- زیب غوری : بے حسی پر وہ مری خوش تھا کہ پتھر ہی تو ہے
- احمد مشتاق : کہیں اُمید سی ہے دل کے نہاں خانے میں
- عرفان صدیقی : مری طرف تری موج نوا چلی ہی نہیں

- چند اہم نظم گو شعرا اور ان کی نظم گوئی کے رجحانات۔
- میرا جی،راشد،اختر الایمان،خلیل الرحمٰن اعظمی، مجید امجد،محمد علوی،کمار پاشی،منیب الرحمٰن۔

**متنی تدریس**

| | | |
|---|---|---|
| ● میراجی | — | چل چلاؤ |
| ● ن-م-راشد | — | نمرود کی خدائی |
| ● اختر الایمان | — | ایک لڑکا |
| ● خلیل الرحمٰن اعظمی | — | میں گوتم نہیں ہوں |
| ● مجید امجد | — | توسیعِ شہر |
| ● محمد علوی | — | خالی مکان |
| ● کمار پاشی | — | یہ گرتا ہوا شہر میرا نہیں |
| ● منیب الرحمٰن | — | بازدید |

☆☆☆

**URD425D: Jadid Urdu Shairi (Nazm, Geet, Sanet Wagairah)**

# جدید اردو شاعری (نظم، گیت، سانیٹ وغیرہ)

- تقسیمِ ہند سے پیدا ہونے والی سیاسی وسماجی تبدیلیاں۔ نئے مسائل۔ نئے ادب کا سیاسی اور سماجی پس منظر۔ جدیدیت کے پیش رو۔ حسرت، یگانہ، فراق، فیض، وغیرہ۔
- جدیدیت کا رجحان۔ جدیدیت کا تصور۔ اظہار کے نئے پیرائے۔ عصری حسیت۔ نئی شاعری میں نئے موضوعات۔
- نظم اور اس کا فروغ۔ روایاتِ سابقہ سے انحراف۔ نظمِ آزاد اور نثری نظم۔ امکانات۔ گیت کا احیاء۔ سانیٹ، ترائلے، ہائیکو وغیرہ۔

## متنی تدریس

| | | |
|---|---|---|
| • گیت | اَن جانے نگر من مانے تھے | میراجی |
| • گیت | جیون شور بھرا سناٹا | ندا فاضلی |
| • آزاد نظم | نہ مرنے والا آدمی | اختر الایمان |
| • نثری نظم | ہوا پر دستک | بلراج کومل |
| • سانیٹ | انسان | ن-م-راشد |

☆☆☆

# Skill Enhancement Course (SEC)

## URD414: Urdu, Indian Knowledge System and Indian Film Industry

## اردو، انڈین نالج سسٹم اینڈ انڈین فلم انڈسٹری

- انڈین فلم انڈسٹری کی تاریخ اور ترقی کا حال، انڈین فلم انڈسٹری کا معاشی اور معاشرتی دائرۂ کار، اردو اور انڈین فلم انڈسٹری کا رشتہ
- انڈین نالج سسٹم IKS اور انڈین فلم انڈسٹری کا رشتہ
- سینکڑوں برس پر پھیلی ہندوستان کی عظیم حکمت کی توسیع میں انڈین فلم انڈسٹری کا کام
- ہندوستان کی قدیم دانش، روایتی، سائنسی اور فلسفیانہ معلومات کو عام کرنے میں انڈین فلم انڈسٹری کا کردار
- فلموں کے ذریعہ وید، آیوروید، فلکیات، ریاضی، فن تعمیر، آرٹ اور فلسفہ جیسے علوم کے خالص ہندوستانی پہلو کا فروغ۔۔۔ چند ممتاز فلموں کا مطالعہ
- پہلی بولتی فلم ''عالم آرا'' اور اردو زبان۔۔۔ مکالمے، فضا اور کردار
- انڈین فلم انڈسٹری اور اردو تہذیب و معاشرت۔
- فلم سازی کے مختلف عناصر اور اردو کا استعمال

مکالمہ نگاری — عشق، محبت، نفرت، دوستی، دشمنی کے شدید جذبات کے بیان میں اردو کا ناگزیر استعمال

نغمہ نگاری — نغمے، گیت، غزل، قوالی

ماحول سازی — معاشرے کی فضا، گفتگو میں اردو کی تہذیبی شائستگی اور دھیمہ پن

- انڈین فلم انڈسٹری، اردو اور روزگار کا میدان (فیچر، ڈیکومینٹری اور کمرشیل انڈین فلم)

Direct Involvement

ہدایت کاری، مکالمہ نگاری/اسکرپٹ رائٹنگ، نغمہ نگاری، ترجمہ، وائس اوور

Outsourcing Agency

اردو نہ جاننے والے ہدایت کار، مکالمہ نگار/اسکرپٹ رائٹر، نغمہ نگار، میوزک ڈائریکٹر اور ایکٹر ایکٹریس کو اردو الفاظ کی فہم میں مدد فراہم کرنا

اردو تہذیب کے رسومات، توہمات، معاشرتی زندگی کے آداب، تہذیبی تشخص کے عناصر، لباس، زیورات، اشیائے خورد و نوش، مختلف تہوار اور ان سے جڑے تصورات کے متعلق معلومات فراہم کرنا

- اردو ادب کی مشہور داستانوں، اخلاقی، طلسمی اور رومانی قصوں، ناولوں، ڈراموں اور افسانوں پر مبنی متعدد یادگار فلموں کا فنی اور تکنیکی جائزہ۔

الف لیلیٰ، حاتم طائی، رستم سہراب، علی بابا اور چالیس چور، لیلیٰ مجنوں، ہیر رانجھا، امراؤ جان، مغل اعظم، شطرنج کے کھلاڑی، ایک چادر میلی سی، منٹو

- اردو تہذیب و معاشرت سے جڑی چند اہم فلموں کا سفر

چودھویں کا چاند، میرے محبوب، محبوب کی مہندی، پاکیزہ، نکاح، عجوبہ، حنا، صنم بے وفا

- اہم نغمہ نگاروں کے کام کا جائزہ

شکیل بدایونی، مجروح، کیفی، ساحر، آنند بخشی، گلزار، شہریار، ندا فاضلی، جاوید اختر

- اردو ماحول کے پروردہ اور اس سے اثر پذیر اداکار اور اداکارہ

اشوک کمار، دلیپ کمار، راج کمار، راجندر کمار، سنیل دت، دھرمیندر، نصیرالدین شاہ، رشی کپور، راج ببر، شاہ رخ خان

ثریا، مینا کماری، مدھو بالا، شبانہ اعظمی، ریکھا

☆☆☆

**URD424: Urdu Aur Translation**

# اردو اور ٹرانسلیشن (ترجمہ)

- ترجمے کا فن ۔ تاریخ، روایت، اہمیت، ضرورت، مقصد اور امکانات
- تراجم اور اصطلاح سازی کے مسائل ۔ ترجمہ کے بنیادی مسائل ۔ نثر اور شاعری کے تناظر میں
- ترجمے کی اقسام (لفظی، ادبی، طبی، قانونی) ۔ ترجمے کا بین العلومی رشتہ
- اردو میں ترجمہ کی روایت ۔ فورٹ ولیم کالج اور دلی کالج کے تراجم ۔ سرسید کی سائنٹفک سوسائٹی
- ترجمہ بحیثیت ذریعۂ ترسیل

ترجمے کی ناگزیریت، ترجمے میں عہد بہ عہد ترقی کے بڑھتے امکانات، ایک خودکفیل مضمون کی حیثیت سے ترجمے پر مکالمہ، ترجمے کی راہ سے ہندستانی ادب کا عالمی ادبی ورثے سے اخذ و استفادہ

- اردو میں ترجمے کی موجودہ صورت حال ۔ اردو کے اہم مترجمین کے کارناموں کا جائزہ

**متنی تدریس**

- گر ترجمے سے فائدہ اخفائے حال ہے — محمد حسن عسکری
- تراجم اور اصطلاح سازی کے مسائل — آل احمد سرور
- دریافت اور بازیافت کا معاملہ — شمس الرحمٰن فاروقی

☆☆☆

## Research(R)

### URD521: Term Paper/Literary Review/Bibliographic Essay/Research Internship

**[Choose any One from the following]**

- 1 **ٹرم پیپر Term Paper**

سمسٹر 3 میں جو کورسس پڑھائے گئے ہیں ان کورسس کے کسی ایک (۱) موضوع پر ایک (۱) طویل تحقیقی اور تجزیاتی مضمون لکھنا ہے۔

- 2 **لٹریری ریویو Literary Review**

کسی اہم کلاسیکی، غیر معمولی اور بحث طلب کتاب پر نئی تحقیق کی روشنی میں ایک (۱) ادبی تبصرہ لکھنا ہے۔

- 3 **ببلیوگرافک ایسے Bibliographic Essay**

کسی موضوع پر لکھی گئی کتابوں، تحقیقی مقالوں، اور دیگر ذرائع کی فہرست سازی اور تحقیقی جائزہ۔ کسی اہم کتاب کے اشاریہ اسما، اشاریۂ الفاظ و اصطلاحات کی فہرست سازی اور تحقیقی جائزہ۔

- 4 **ریسرچ انٹرنشپ Research Internship**

☆☆☆

**URD522: Dissertation**

## ڈیزرٹیشن

- شعبے کی جانب سے جو موضوع تجویز کیا جائے گا۔ نگراں کی رہنمائی میں اس موضوع پر تحقیقی مقالہ تحریر کرنا ہے۔

☆☆☆